درآمد کردہ آنکھوں کی کاسمیٹکس جن میں سیسہ ہوتا ہے: کحل، کاجل، سُرما اور ٹائرو

***کحل، کاجل، سُرما* اور *ٹائرو* کیا ہیں؟**
یہ ایشیا، افریقہ اور مشرق وسطی سے درآمد کردہ آنکھ کی کاسمیٹکس ہیں۔ کچھ ثقافتوں کا خیال ہے کہ ان پروڈکٹس کے طبی مقاصد ہیں اور ان کو اپنے رواج کے طور پر لگاتے ہیں۔ کحل، کاجل، سُرما اور ٹائرو میں سیسے کی کافی زیادہ سطح پائی جاتی ہے۔

سیسے سے میری صحت کیسے متاثر ہوتی ہے؟
سیسہ ایک زہریلا مادہ ہے جس سے دماغ، اعصابی اور تولیدی نظام، گردے اور جسم کے دوسرے حصے خراب ہو سکتے ہیں۔ سیسے پر مشتمل پروڈکٹس استعمال کرنے والے بچوں اور حاملہ عورتوں کو خاص طور پر خطرہ ہوتا ہے۔ یہ پروڈکٹس استعمال کرنے سے سیسہ زہر آلود ہوسکتا ہے۔

کحل، کاجل، سُرما یا ٹائرو کا سیسہ جسم میں کیسے داخل ہوتا ہے؟
جب کوئی شخص ان پروڈکٹس کو استعمال کرتا ہے تو کحل، کاجل، سُرما اور ٹائرو کا کچھ حصہ ہاتھوں پر لگ سکتا ہے۔ صارف پھر سیسہ کو ہاتھ سے منہ میں داخل کر سکتا ہے۔ کچھ سیسہ آنکھوں سے بھی جذب ہو سکتا ہے۔

کس طرح کے کحل، کاجل، سُرما اور ٹائرو میں سیسہ ہوتا ہے؟
کحل، کاجل، سُرما اور ٹائرو کی بہت سی قسمیں اور ان کو بہت سے بنانے والے ہیں۔ ان میں سے کسی میں بھی سیسہ شامل ہوسکتا ہے۔ کچھ ایسے پروڈکٹس جن میں سیسہ شامل ہوتا ہے وہ nyc.gov/hazardousproducts پر درج ہیں۔

میں یہ کیسے جان سکتا/سکتی ہوں کہ آیا میرے کحل، کاجل، سُرما اور ٹائرو میں سیسہ شامل ہے؟
ان پروڈکٹس کے صارفین کے لیے محفوظ اور خطرناک برانڈز کے درمیان فرق کو بتانا مشکل ہے۔ اگر سیسہ لیبل پر درج جزو کے بطور درج نہیں ہے تو بھی کسی پروڈکٹ میں سیسے کی زیادہ مقدار شامل ہو سکتی ہے۔

اگر میں نے کحل، کاجل، سُرما اور ٹائرو استعمال کیا ہے تو کیا مجھے کیا کرنا چاہیے؟

- **فوری طور** پر ان پروڈکٹس کا استعمال روک دیں۔
- اپنے ڈاکٹر سے خون میں سیسے کے ٹیسٹ کی درخواست کریں۔ اگر آپ کے پاس کوئی ڈاکٹر نہیں ہے تو مدد کے لیے 311 پر کال کریں۔
- ان پروڈکٹس کو بچوں سے دور رکھیں۔
- کحل، کاجل، سُرما اور ٹائرو کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **311** یا 212-764-7667 **پر کال کریں۔** ترجمہ کی خدمات دستیاب ہیں۔

انگریزی میں اضافی وسائل

- **خوراک اور ادویات کی ایسوی ایشن (FDA) الرٹس (www.fda.gov):**
  - Eye Cosmetic Safety (آنکھوں کے کاسمیٹک کی حفاظت)
  - Kohl, Kajal, Al-Kahal, or Surma: By Any Name, Beware of Lead Poisoning (کحل، کاجل، الکحل یا سُرما: کسی بھی نام سے، سیسے کے زہر سے ہوشیار رہیں)
- **بیماریوں کو کنٹرول کرنے کے مراکز(CDC) امراض اور اموات کی ہفتہ وار رپوٹ (MMWR) (http://www.cdc.gov/mmwr):**
  - Childhood Lead Exposure Associated with the Use of Kajal, an Eye Cosmetic from Afghanistan — Albuquerque (کاجل، جو افغانستان — آئبوکرک کا آنکھوں کا ایک کاسمیٹک ہے، کے استعمال کے ساتھ وابستہ بچپن میں سیسے کی زد میں آنا)
  - Infant Lead Poisoning Associated with Use of Tiro, an Eye Cosmetic from Nigeria (ٹائرو، جو نائجیریا کا آنکھوں کا ایک کاسمیٹک ہے، کے استعمال کے ساتھ وابستہ شیر خوار بچے کا سیسے سے زہر آلود ہونا)